# دعوت کے بعد یہ دعا پڑھی جائے

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَّنْ اَطْعَمَنِیْ وَ اسْقِ مَنْ سَقَانِیْ

**ترجمہ :**

اے اللہ ! جس نے مجھے کھلایا، تو اسے کھلا، اور جس نے مجھے پلایا تو اسے پلا۔ (مسند احمد بن حنبل، جلد 39، صفحہ 234، رقم الحدیث : 23812، مطبوعہ موسسۃ الرسالۃ)

## دعوت کے بعد پڑھی جانے والی ایک دعا

اَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّائِمُوْنَ، وَ اَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ، وَ صَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ

**ترجمہ :**

تمہارے پاس روزہ داروں نے افطار کیا اور نیک بندں نے تمہارا کھانا کھایا، اور فرشتوں نے تم پر رحمت بھیجی (یعنی تمہارے لئے استغفار کیا)۔

سنن ابو داوَد کی حدیث مبارک میں ہے : عن أنس، أن النبي صلى الله عليه وسلم جاء إلى سعد بن عبادة، فجاء بخبز وزيت، فأكل، ثم قال النبي صلى الله عليه وسلم: اَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّآئِمُوْنَ، وَ اَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ، وَ صَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ ترجمہ : حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ و سلم حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے، تو حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ روٹی اور زیتون لائے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ و سلم نے اسے تناول فرمایا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ و سلم نے یوں فرمایا (یعنی اوپر ذکر کردہ دعا پڑھی)۔ (سنن ابو داوَد، جلد 3، صفحہ 367، رقم الحدیث : 3854، مطبوعہ المکتبۃ العصریہ، بیروت)